© rasailojaraid.com

# شهادۃ العالمیہ (ایم اے)

## کا امتحان دینے کے خواہشمند قدیم فضلاء کیلئے

# خوشخبری

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلسِ عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۷ ربیع الاوّل ۱۴۲۳ھ مطابق ۹ جون ۲۰۰۲ء، بمقام مرکزی دفتر وفاق المدارس ملتان کے فیصلہ کے مطابق ۱۴۱۵ھ یا اس سے پہلے کے فضلاء کے لئے ۴- اگست ۲۰۰۲ء بروز اتوار مرکزی دفتر وفاق المدارس میں امتحان ہوگا اور سوالیہ پرچہ صحاحِ ستہ سمیت شھادۃ العالمیہ کی تمام کتب پر مشتمل ہوگا۔ تاہم حسبِ سابق ایک پرچہ ہوگا۔

## شرائطِ داخلہ

(۱) اُمیدوار جس مدرسہ کا فارغ التحصیل ہو وہ ''وفاق'' سے ملحق ہو اور ''وفاق'' کے ریکارڈ میں نیک نامی رکھتا ہو۔

(۲) مدرسہ کے ریکارڈ کے مطابق سند صحیح ہو اور دورۂ حدیث شریف کی باقاعدہ تعلیم اور امتحان کے بعد جاری کی گئی ہو۔

(۳) اس سند کے صحیح ہونے کی تصدیق متعلقہ مدرسہ کے مہتمم، شیخ الحدیث، صدر مدرّس یا ناظم تعلیمات نے کی ہو۔ نیز اس کی تصدیق علاقائی رکنِ عاملہ یا مسئول بھی کریں۔

(۴) داخلہ فیس -/۲۰۰۰ روپے ناقابل واپسی ہوگی اور فارم داخلہ کے ساتھ جمع کرانا لازمی ہوگی۔

(۵) درخواست داخلہ مرکزی دفتر ''وفاق'' کے پتہ پر بھیجی جائے۔

(۶) داخلہ کی آخری تاریخ ۲۰ جولائی ۲۰۰۲ء ہوگی۔

**نوٹ**

واضح رہے کہ اگر قدیم فاضل کا تعلق کسی غیر ملحق مدرسہ سے ہے تو اس مدرسہ کے لئے اُمیدوار کی درخواست بھجوانے سے قبل ''وفاق'' کے ساتھ اپنا الحاق منظور کروانا لازمی ہے۔

**المشتھر: وفاق المدارس العربیہ ملتان پاکستان فون نمبر: 539665 539376**

© rasailojaraid.com